© rasailojaraid.com


# ماہنامہ نقیبِ ختمِ نبوت ملتان

جلد 24 شمارہ 6 — رجب المرجب 1434ھ — مئی 2013ء

Regd.M.No.32, I.S.S.N.1811-5411


بیاد: سید الاحرار حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ

بانی: ابن امیر شریعت سید عطاء المحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ


فیضانِ نظر: مولانا حضرت خواجہ خان محمد رحمۃ اللہ علیہ

زیرِ سرپرستی: ابن امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم

مدیر مسئول: سید محمد کفیل بخاری
kafeel.bukhari@gmail.com

رفقاءِ فکر:
عبد اللطیف خالد چیمہ • پروفیسر خالد شبیر احمد
مولانا محمد مغیرہ • محمد عمر فاروق
قاری محمد یوسف احرار • میاں محمد اویس
سید صبیح الحسن ہمدانی
sabeeh.hamdani@gmail.com
سید عطاء المنان بخاری
atabukhari@gmail.com

تزئین: محمد نعمان سنجرانی
nomansanjrani@gmail.com

سرکولیشن منیجر: محمد یوسف شاد 0300-7345095



زرِ تعاون سالانہ
اندرون ملک —— 200/- روپے
بیرون ملک —— 4000/- روپے
فی شمارہ —— 20/- روپے


## اس شمارے میں


| | | | |
|---|---|---|---|
| دل کی بات: | نئی حکومت، پرانے مسائل، نئی توقعات | مدیر | 2 |
| دین و دانش: | انتخاب خلفائے خمسہ و سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہم | پروفیسر قاضی محمد طاہر علی الہاشمی | 4 |
| // | خاندانِ فاروقی کی بنو ہاشم سے رشتہ داریاں (آخری قسط) | مولانا حکیم محمود احمد ظفر | 15 |
| حسنِ انتخاب: | قطب الارشاد شیخ المشائخ حضرت شاہ عبد الرحیم رائے پوری نور اللہ مرقدہ کا ایک الہامی افادہ | سید صبیح ہمدانی | 22 |
| خطاب: | خلیفۂ راشد سیدنا معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہما فضائل و مناقب اور سیرت و کردار | امام اہل سنت مولانا سید ابو معاویہ ابو ذر بخاری رحمۃ اللہ علیہ | 25 |
| ادبیات: | نذرانۂ عقیدت بحضور امیر المومنین، خلیفۂ راشد سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ | حضرت شوقی اسعدی، ابا الوقی | 29 |
| // | امیر المومنین، خال المسلمین، ہادی و مہدی انام، فاتح روم و شام خلیفۂ راشد سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ | محمد یوسف طاہر قریشی | 30 |
| تحقیق: | اہل مدینہ کا قبرستان (جنت البقیع) | حافظ عبید اللہ | 32 |
| // | ۲۲ رجب کے کونڈے | عنصر صابری | 38 |
| // | کونڈا نامہ | مولانا محمد الحسن بدایونی | 44 |
| افکار: | بھیڑیا اور شیر | ابو طلحہ عثمان ایم اے | 47 |
| آپ بیتی: | ورق ورق زندگی (قسط: ۲۵) | پروفیسر خالد شبیر احمد | 49 |
| مطالعۂ قادیانیت: | لفظ خاتم النبیین کی معنوی تحریف اور قادیانیوں کا انکار ختم نبوت | مولانا محمد مغیرہ | 56 |
| اخبار الاحرار: | مجلس احرار اسلام پاکستان کی سرگرمیاں | ادارہ | 62 |
| ترحیم: | مسافرانِ آخرت | ادارہ | 63 |



دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان
☎ 061-4511961

www.ahrar.org.pk
www.alakhir.com
majlisahrar@hotmail.com
majlisahrar@yahoo.com

تحریک تحفظ ختم نبوت ... مجلس احرار اسلام

مقامِ اشاعت: دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان۔ ناشر: سید محمد کفیل بخاری۔ طابع: ... پرنٹرز

Dar-e-Bani Hashim, Mehrban Colony, Multan.(Pakistan)

ترسیلِ زر: ماہنامہ نقیبِ ختم نبوت
100-?78-1 ...


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دل کی بات　　　　مدیر

# نئی حکومت، پرانے مسائل، نئی توقعات

ملک میں قومی وصوبائی اسمبلیوں کے انتخابات دہشت گردی، قتل وغارت گری، بم دھماکوں، دھونس اور دھاندلی، احتجاجی مظاہروں، بائیکاٹ اور دھرنوں کے ماحول میں مکمل ہوگئے۔شکر ہے میڈم جمہوریت کے حسن پر نکھار تو آیا جمہوری تجزیہ نگاروں کا کہنا ہے کہ یہی جمہوریت کا حسن ہے کہ اتنے شدید ماحول میں بھی انتخابات منعقد ہوئے اور لوگوں نے دل کھول کر بڑی تعداد میں ووٹ ڈالے۔

مسلم لیگ (نواز) کو واضح اکثریت حاصل ہوئی۔مرکز، پنجاب اور بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) ہی کی حکومت بننے کے واضح امکانات اور آثار ہیں۔سندھ میں پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم، خیبر پختونخواہ میں تحریک انصاف کو واضح برتری حاصل ہوئی جبکہ جماعت اسلامی نے دس نشستیں حاصل کر کے دوسری پوزیشن حاصل کی۔قوی امکان ہے کہ تحریک انصاف جماعت اسلامی اور دیگر اتحادی جماعتیں مل کر خیبر پختونخواہ میں حکومت بنائیں گی۔اے این پی کا مکمل صفایا ہوگیا جس پر اسفند یار ولی نے کہا کہ ہمارے ہاتھ پاؤں باندھ کر ہمیں میدان میں اتارا گیا ہم نے سمجھا تھا کہ ریفری فخرو بھائی ہے جبکہ ریفری طالبان نکلے۔اسفند یار ولی کی والدہ بیگم نسیم ولی نے کہا کہ اسفند کو سیاست کی الف ب بھی نہیں آتی۔

مذہبی جماعتوں میں جمعیت علماء اسلام (ف) قومی اسمبلی میں گیارہ نشستیں جیتنے میں کامیاب ہوئی اور جماعتِ اسلامی نے تین نشستیں حاصل کیں۔مولانا کا نواز شریف کے ساتھ سیاسی رومانس چل رہا ہے جبکہ منور حسن کا عمران خان کے ساتھ ۔

دیکھیں کیا گزرے ہے قطرے پر گہر ہونے تک

نئی حکومت میں وہی پرانے چہرے ہیں۔جو گھوم گھام کے پھر مسلم لیگ (ن) میں واپس آ گئے ہیں۔ایک ایک دو دو سیٹوں والی چھوٹی چھوٹی مسلم لیگیں بھی ''بی اماں ن لیگ'' میں ضم ہو رہی ہیں۔لیکن یہ وہ بُدھو نہیں جو صبح کے بھولے شام کو گھر آ جاتے تھے۔یہ بڑے سیانے ہیں، یہ لُوٹ کر نہیں لُوٹ کر گھر آ جاتے ہیں اور گزشتہ پینسٹھ برسوں سے نہایت بے شرمی کے ساتھ یہی کھیل کھیل رہے ہیں۔بظاہر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اب یہ کھیل ختم ہونے والا ہے۔کھیل آخر کھیل ہی ہوتا ہے اور اسے بالآخر ختم ہی ہونا ہوتا ہے۔

مسٹر نواز شریف نے اپنی حکومت کا ایجنڈا مشتہر کر دیا ہے جسے وہ جنگی بنیادوں پر پورا کرنے کے عزم کا اظہار کر رہے ہیں۔



© rasailojaraid.com